حضرت زینبؓ بنت جحش | از ابن عبدالشکور - ناشر: عارف پبلیکیشنز بنگلور ۵۱ و مکتبہ تعمیر انسانیت اُردو بازار، لاہور۔ قیمت: ۱۲/- روپے

یہ بات بڑی اُمید افزا ہے کہ نوجوانوں میں تاریخ و سیرت کو نئے اسالیب سے پیش کرنے کا رجحان بڑھ رہا ہے۔ حضرت زینب بنتِ جحش کے حالاتِ زندگی ادبی انداز سے بیان کیے گئے ہیں، بلکہ شروع میں مکالماتی انداز بھی آزمایا گیا۔ اس بارے میں مجھے بڑی آرزو رہی کہ نہ صرف تاریخ و سوانح بلکہ دعوتی لٹریچر بھی ڈراما نہیں تو مکالماتی صورت میں شائع ہو، مگر یہ فن بڑا مشکل ہے۔ ابن عبدالشکور صاحب یقیناً ترقی کریں گے، مگر فی الحال مکالمے کا رنگ مصنوعی ہے اور سوائے اسلام لانے کے کسی مجلس میں کوئی عام بات ہوتی ہی نہیں۔ نیز کئی عورتوں اور لڑکوں کے اسلام لانے کا ذکر تیزی سے اور اکٹھے ہو جاتا ہے۔ یہ صورت غیر فطری ہے۔ ہر مکالمے میں بار بار پیاری بہن اور بہن وغیرہ کے الفاظ سے تخاطب کا انداز بھی مصنوعی ہے۔ تاریخ و سوانح کی صحت کو مکالماتی ادبیت سے ہم آہنگ کرنا بہت ہی مشکل کام ہے۔

بہر حال نیک نیتی سے اچھے مقصد کے لیے یہ کوشش کی گئی ہے، عورتوں اور بچوں کے لیے خصوصاً بہت مفید ہے۔

حکایاتِ عزیمت | از جناب بدر عالم - ناشر: گلستان پبلیکیشنز و مکتبہ چراغِ اسلام ۵/۱ قذافی مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ قیمت: ۶/- روپے

بدر عالم صاحب سائنس دان اور ادیب ہونے کے ساتھ قرآن و حدیث اور اسلامی تاریخ سے بڑی دلچسپی رکھتے ہیں۔ انہوں نے بزرگ دانشور پروفیسر فروغ احمد صاحب کے "تعارف" کے ساتھ اسلاف اور بزرگانِ دین کے ایسے ۶۷ واقعات جمع کیے ہیں جو درسِ عزیمت دیتے ہیں۔ نئی نسلوں کو ایسی چیزوں کی بہت ضرورت ہے۔